فوری ریلیز کے لیے: 2023/12/5 **گورنر *KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کا حتمی ماحولیاتی جائزہ اور 'کوئی اہم اثر نہیں پڑا' کا مسودہ اب دستیاب ہے***

***ملک کے پہلے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کی منظوری کے عمل میں ایک سنگ میل؛ علاقے میں ہوا کا معیار بہتر بنائے گا، نیویارک شہر کے شدید بھیڑ بھاڑ والے مسئلے سے نمٹے گا، اور ٹرانزٹ کے لئے اہم کیپیٹل فنڈنگ فراہم کرے گا***

***ماحولیاتی تشخیص کی اپ ڈیٹس ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز کے ساتھ کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا پیش خیمہ ہیں***

***دستاویزات کے اجراء سے عوامی نوٹس کے لئے دستاویز کی رسمی دستیابی کی 30 روزہ مدت شروع ہوگی***

***ٹریفک موبلٹی ریویو بورڈ ٹول ریٹس اور اسٹرکچر سے متعلق سفارشات پر کام کرے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی، نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن، اور نیویارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن نے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کے لئے حتمی ماحولیاتی تشخیص اور فیڈرل ہائی وے ایڈمنسٹریشن کی جانب سے تیار کردہ "کوئی اہم اثر نہیں پڑا" کا مسودہ جاری کر دیا ہے۔

"یہ ایک ایسا اہم سنگ میل ہے جو ہمیں ایک ایسے مستقبل کے قریب لائے گا ہے جہاں نیویارک کے رہنے والوں کو صاف ہوا میسر ہوگی، پبلک ٹرانزٹ بہتر بنے گی، اور ہماری سڑکوں پر ٹریفک کی بھیڑ اور رش میں کمی آئے گی،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ پروگرام نیو یارک شہر کی طویل المدتی کامیابی کے لئے انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور یقینی بناتا ہے کہ ہمارے مسافر اور کاروبار ترقی کرنے اور پھلنے پھولنے کے قابل ہوں۔"

آج ان دستاویزات کے اجراء سے دستاویز کی دستیابی کی 30 روزہ مدت شروع ہوگی جس دوران وہ رسمی عوامی جائزے کے لیے آن لائن یہاں دستیاب رہیں گے۔ جو افراد ہارڈ کاپیوں کو ترجیح دیتے ہیں وہ انہیں ویب سائٹ پر درج مقامات پر دیکھ سکتے ہیں۔ اس 30 روزہ مدت کے اختتام کے بعد فیڈرل ہائی وے ایڈمنسٹریشن (FHWA) سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کی اجازت دینے کے ممکنہ ماحولیاتی اثرات کا جائزہ مکمل کرتے ہوئے اپنا حتمی فیصلہ کرے گی۔ فیڈرل ہائی وے ایڈمنسٹریشن کے ساتھ ٹول لگانے والے معاہدے میں داخل ہونے کے بعدٹولنگ 310 دن بعد شروع ہوسکتی ہے، جس کے دوران ٹھیکیداران ٹولنگ آلات کو ڈیزائن کریں گے، تعمیر کریں گے، ٹیسٹ کریں گے اور ایکٹیویٹ کریں گے۔

اس مدت کے دوران، ایک چھ رکنی ٹریفک موبلٹی ریویو بورڈ (TMRB) کسی ممکنہ رعایت، کراسنگ کریڈٹ اور / یا استثنیٰ کے ساتھ تجویز کردہ ٹول ریٹس ڈویلپ کرے گا۔ وہ سفارشات MTA بورڈ کے سامنے پیش کی جائیں گی جو ٹرائی برو برج اینڈ ٹنل اتھارٹی کے بورڈ کی حیثیت میں قانونی طور پر کام کر رہی ہے، یعنی وہ MTA ایجنسی جو

ٹولز وصول کیا کرے گی۔ مجوزہ ٹولنگ سٹرکچر کی فائلنگ اور اشاعت اور عوامی تبصرے کی مدت کے بعد MTA کسی بھی ٹولنگ سٹرکچر کو اپنانے سے قبل ایک عوامی سماعت کا انعقاد کرے گی۔

**نیو یارک شہر کے میئر Eric Adams نے کہا،** "وفاقی حکومت نے رش اور بھیڑ بھاڑ کی قیمتوں کو ایک اور گرین سگنل دیا ہے، اور ہم اسے درست طریقے سے کروانے کے لیے تیار ہیں۔ اس کا مقصد ٹریفک میں کمی لانے سے زیادہ کچھ اور بھی ہے۔ ہم اپنے ٹرانزٹ سسٹم میں سرمایہ کاری کریں گے اور ان کمیونٹیز میں ہوا کو صاف کریں گے جو سب سے زیادہ آلودگی کا شکار ہیں۔ ایک مضبوط مستقبل کی تعمیر کا مطلب یہ امر یقینی بنانا ہے کہ ترقی میں ہر شخص شامل ہو، اور ہم نتائج کو نظر انداز شدہ کمیونٹیز کی جانب نہیں دھکیلتے ہیں۔ یہ منصوبہ نیویارک کے تمام رہنے والوں کی خدمت کرے گا اور کسی کو بھی نظرانداز نہیں کرے گا۔ میں امریکی ٹرانسپورٹیشن سیکریٹری Buttigieg، گورنر Hochul، کانگریس مین Torres اور ان تمام وکلاء کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اس مقصد کے حصول کے لئے دل و جان سے کوششیں کیں۔"

**MTA کے چیئرمین اور سی ای او، Janno Lieber نے کہا،** "بھیڑ بھاڑ اور رش پر قیمت لگانے کا مطلب ہوگا کم ٹریفک، محفوظ سڑکیں، صاف ہوا، زیادہ معاشی مواقع، اور بہتر ٹرانزٹ۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "ریاستی محکمہ ٹرانسپورٹیشن، MTA اور NYCDOT کے ساتھ باہمی شراکت میں، FHWA کا انتہائی شکرگزار ہے کہ انہوں نے سینٹرل بزنس ٹولنگ پروگرام کے لئے ماحولیاتی تشخیص کی تصدیق کرنے میں بہت اہم کردار ادا کیا۔ یہ عوامی شمولیت کے ساتھ ایک مضبوط کاروائی رہی ہے اور اگرچہ ابھی بھی کافی کام باقی ہے، تاہم ہم اس عمل کو آگے بڑھانے کے لئے اپنے شراکت داروں اور کمیونٹی کے ساتھ باہمی تعاون کرنا جاری رکھیں گے۔"

**نیویارک شہر کے محکمۂ ٹرانسپورٹیشن کے کمشنر Ydanis Rodriguez نے کہا،** "رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے ہمارے معیار زندگی میں بہتری آئے گی، بسوں کی رفتار تیز تر ہوگی، ہماری سڑکیں محفوظ بنیں گی، اور ہماری ہوا صاف ہو جائے گی۔ یہ مساوات اور ماحولیاتی انصاف پر مرکوز پروگرام کی فراہمی کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کے عمل میں ایک قابل فخر شراکت دار ہیں اور امریکہ میں اس طرح کے پہلے پروگرام کی پیشرفت کو آگے بڑھانے کے لئے شہری، ریاستی، اور وفاقی سطح پر اپنے شراکت داروں کے ساتھ کام جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

**نمائندے Ritchie Torres نے کہا،** "جب سے میں نے یہ عوامی عہدہ سنبھالا ہے، میں نے رش اور بھیڑ بھاڑ کو کم کرنے، ہوا کے معیار کو بہتر بنانے، دمے کے عارضے کی شرح کم کرنے، اور MTA کو مستحکم کرنے کی کوششوں میں دل و جان سے حصہ ڈالا ہے - جو امریکہ کے سب سے بڑے شہر کی رگ جاں میں رواں خون کی مانند ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، میں نے اس بات پر بھی ہمیشہ زور دیا ہے کہ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضہ لگانے کا کوئی بھی منصوبہ بنایا جائے تو اسے برونکس کی منفرد ماحولیاتی اور عوامی صحت کی ضروریات کو تسلیم کرکے انکا احترام کرنا چاہئے۔ مجھے فضائی آلودگی اور گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کو نمایاں طور پر کم کرنے کے لئے نئی سرمایہ کاری میں پانچ سالوں میں کامیابی سے $155 ملین حاصل کرنے پر فخر ہے، جس میں ڈیزل ٹرکوں پر ٹرانسپورٹ ریفریجریشن یونٹوں کی تبدیلی، الیکٹرک گاڑیوں کے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر، اسکولوں کے دمہ پروگرامنگ کی ترقی، مقامی پارکوں اور سر سبز مقامات کی تزئین و آرائش، اور ہوا کے معیار کی نگرانی میں اضافہ بھی شامل ہیں۔ میں گورنر Hochul کا، MTA کے چیئر Lieber کا، میئر Adam s کااور Biden انتظامیہ کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے ہماری کمیونٹی کے خدشات کو بغورسنا اور ماحول دوست ٹریفک پرائسنگ پلان کی پیشرفت میں میرا ساتھ دیا، جس سے برونکس میں ماحولیاتی نسل پرستی کی طویل اور بدصورت تاریخ کو پیچھے پلٹنے کا عمل شروع ہو گیا ہے اور مزید کئی اہداف بھی مدنظر ہیں۔"

**نمائندے Jerrold Nadler نے کہا،** "FWHA کی جانب سے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضہ مقرر کرنے کی منظوری صاف ہوا، محفوظ سڑکیں، اور بہتر عوامی ٹرانزٹ نظام کے لئے نیویارک کے باشندوں کی جدوجہد میں ایک اہم فتح کی حیثیت رکھتی ہے۔ میں نے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضہ مقرر کرنے کے عمل کے آغاز سے اس کے لئے جدوجہد کی ہے کیونکہ یہ ہماری زیادہ رش والی سڑکوں سے گاڑیوں کو ہٹانے کا بہترین طریقہ ہے اور ہمیں

پارکوں کے لئے سر سبز جگہیں بنانے، محفوظ موٹر سائیکل لین مقرر کرنے، اور سفر کے دورانیے تیز تر اور زیادہ موثر کرنے کے لئے اپنی سرکوں اور گلیوں کا تصور نئے سرے سے اجاگر کرنے کے قابل بناتا ہے۔ مجھے پورے ملک میں نیو یارک کو یہ نقطہ نظر نافذ کرنے والا بنانے کے لئے اپنی جدوجہد پر فخر ہے جس سے MTA کو انتہائی ضروری فنڈز کی فراہمی ممکن بنے گی۔ اب جبکہ اس پروگرام کو وفاقی حکومت کی جانب سے گرین سگنل مل گیا ہے، تو میں MTA، ٹریفک موبلٹی ریویو بورڈ اور کمیونٹی رہنماؤں کے ساتھ اپنی مسلسل شراکت داری کا منتظر ہوں تاکہ ہم بنا کسی تاخیر کے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضوں کو بالاخر حتمی طور پر نافذ کر دیں۔"

**نمائندے Dan Goldman نے کہا**، "نیویارک شہر ملک کے لئے بطور ایک ماڈل خدمات انجام دینے کے لئے تیار ہے اور رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کی کاروائی کے ذریعے ہمارے ہوا کے معیار اور عوامی نقل و حمل کے نظام میں اہم بہتریوں کی راہیں ہموار ہوں گی۔ یہ ثابت شدہ اور انتہائی اہم پالیسی ٹریفک میں کمی لائے گی، ماحول کو فائدہ پہنچائے گی، ہمارے نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنائے گی، اور ہماری سڑکوں کو زیادہ محفوظ بنائے گی۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کی کاروائی نیویارک میں زمین کا قانون لانے اور مستقبل کی جانب قدم بڑھانے کے لئے ایک اہم قدم کی حیثیت رکھتی ہے۔ آئیے یہ کام مکمل کر لیں"

**نمائندے Adriano Espaillat نے کہا**، "مجھے خوشی ہے کہ میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی (MTA)، نیو یارک اسٹیٹ ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (NYSDOT) اور نیو یارک سٹی ڈپارٹمنٹ آف ٹرانسپورٹیشن (NYCDOT) نے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کے لئے اپنا حتمی ماحولیاتی جائزہ جاری کر دیا ہے۔ یہ انتہائی اہم امر ہے کہ ہم اس حساس مدت کے دوران ٹولنگ پروگرام کے تمام پہلوؤں کا مکمل جائزہ لے لیں۔ میں ان ایجنسیوں کے ساتھ وفاقی سطح پر اپنے تعاون کو مزید فروغ دینے کا منتظر ہوں تاکہ اسٹیک ہولڈرز کی مناسب رائے کے ساتھ اس پروگرام پر کامیابی سے عملدرآمد ہونے اور نیو یارک کے کام کرنے والے شہریوں کو اہم اپ ڈیٹس ملنا یقینی بنایا جا سکے۔"

**ریاستی سینیٹر Liz Krueger نے کہا**، "ہم میں سے جو افراد مین ہیٹن میں رہائش پذیر ہیں اور کام کرتے ہیں وہ ہماری روزمرہ کی زندگی پر ٹریفک کے ہجوم کے منفی اثرات سے بخوبی واقف ہیں - فضائی آلودگی، شور، ہماری رش بھری اور بھیڑ بھاڑ والی سڑکوں سے پیدل چلنے والوں کو لاحق خطرات، اور ایسے مواقع پر ٹریفک میں پھنسنے کی پریشانی جب ہمیں کار یا ٹیکسی استعمال کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔ ہمیں ان فوائد کا بھی علم ہے جو اچھے پیمانے پر فنڈ شدہ، قابل بھروسہ، تیز رفتار پبلک ٹرانزٹ سے حاصل ہوتے ہیں۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کا عمل ایک آزمودہ اور ثابت شدہ طریق کار ہے جو رش اور بھیڑ کو کم کرے گا، مین ہیٹن کے باشندوں کے معیار زندگی کو بہتر بنائے گا، اور سب وے اور بسوں کی مدد کے لئے وہ انتہائی ضروری فنڈز فراہم کرے گا جن پر نیویارک کے باشندوں کی اکثریت روزانہ انحصار کرتی ہے۔ مجھے خوشی ہے کہ یہ عمل بالآخر آگے بڑھ رہا ہے، عوامی رائے کی خاطر متعدد دیگر مواقع کے ساتھ، اور میں اس پر جتنی جلد ممکن ہو مکمل عمل درآمد کا منتظر ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Brad Hoylman-Sigal نے کہا**، "سنہ 2019 میں رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنا ایک ایسا آئیڈیا تھا جس کا وقت اب آ چکا ہے۔ سنہ 2023 میں، اس پہلے ہی کافی دیر ہو چکی ہے۔ مجھے ملک کے مرکزی بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام میں پہلے اقدام کے لئے ووٹ دینے پر فخر تھا کیونکہ اس کا مطلب نیویارک کے تمام شہریوں کے لئے بہتر ٹرانزٹ، میرے حلقوں کے لئے صاف ہوا اور پرسکون سڑکیں، اور سڑکوں کے تمام استعمال کنندگان کے لئے زیادہ سہولت ہوگی۔ میں گورنر Hochul اور MTA کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اتنا بر وقت اور تیزی سے حتمی ماحولیاتی تشخیص جاری کی تاکہ ہم بالآخر اس اہم پروگرام کو نافذ کرسکیں۔"

**مین ہٹن بارو کے صدر Mark Levine نے کہا**، "مین ہیٹن میں کاروں کی ملکیت کی شرح ملک میں سب سے کم تو ہے، لیکن ساتھ ہی بدترین ٹریفک بھی تو ہے۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے شہر کی سڑکوں پر گاڑیوں کی تعداد کو کم کرنے میں مدد ملے گی ، جبکہ پبلک ٹرانزٹ سسٹم کو وہ فنڈنگ بھی مل جائے گی جس کی اسے اشد ضرورت ہے۔ MTA یہ امر یقینی بنانے کے لئے اہم ترین اقدامات کر رہا ہے کہ کوئی اہم منفی اثرات نہ ہوں، جو واقعی ایک بڑا قدم ہے۔ لیکن ابھی بھی ایسی تفصیلات باقی ہیں جن پر کام کرنے کی ضرورت ہے، لہذا میں

نیویارک کے باشندوں کو عوامی سماعت کے عمل میں حصہ لینے کی ترغیب دیتا ہوں۔ اب یہ امر یقینی بنانے کا وقت آ چکا ہے کہ اس پروگرام کو کامیابی کے لئے سیٹ اپ کیا جائے۔"

**Association for a Better New York کے چیئرمین Steven Rubenstein نے کہا،** "ہم MTA کے معترف ہیں کہ انہوں نے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کی طویل عرصے سے منتظر منظوری اور نفاذ کی طرف یہ اہم اقدامات کیے۔ اس شہر اور اس کے کاروبار کی ترقی کے لئے، نیویارک کے باشندوں کو قابل اعتماد پبلک ٹرانزٹ اور سڑکوں کی ضرورت ہے جو ہر وقت ٹریفک کے مسائل سے دوچار نہ رہتی ہوں۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے ہمارا خطہ معاشی طور پر زیادہ مسابقتی، قابل بھروسہ، اور قابل رہائش بن جائے گا۔"

**Reinvent Albany کی سینئر پالیسی مشیر Rachael Fauss نے کہا،** "ہم سمجھتے ہیں کہ یہ نیویارک کے لوگوں کے لئے بہت اچھی خبر ہے کہ وفاقی حکومت نے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کو ابتدائی گرین سگنل دے دیا ہے۔ ہم گورنر Hochul کی مسلسل مضبوط قیادت کے منتظر رہیں گے کہ وہ اس پروگرام کی جلد از جلد شروعات کو یقینی بنایائیں تاکہ MTA کے کیپیٹل منصوبے کے لئے درکار 15$ بلین کی ضروری فنڈنگ لائی جا سکے۔ اب وقت آگیا ہے کہ ٹریفک موبلٹی ریویو بورڈ حقائق اور عام فہم اپچ کا استعمال کرتے ہوئے MTA بورڈ کو ٹول لیولز کی سفارشات دے اور رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کے قانون کو عملی جامہ پہنائے۔"

**Permanent Citizens ایڈوائزری کمیٹی برائے MTA کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Lisa Daglian نے کہا،** "FHWA کا مراسلہ برائے قانونی کفایت شعاری اور تخفیف پیکیج جو حتمی EA اور ڈرافٹ FONSI میں بیان ہوا ہے، اس سے اشارہ مل رہا ہے کہ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کا عمل خوب اچھی طرح اپنی راہ پر رواں دواں ہے۔ زیادہ ٹرانزٹ سرمایہ کاری، کم ٹریفک، اور ہوا کے بہتر معیار والے خطے کی طرف یہ اولین اگلا قدم سواروں اور ڈرائیوروں سمیت لاکھوں دیگر افراد کے لئے ایک بڑی جیت ہے -- جو رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے مستفید ہوں گے۔ ہم USDOT، گورنر Hochul، اور MTA اور اس کے شراکت داروں، NYS DOT اور NYC DOT کے معترف ہیں کہ انہوں نے اس بات کو یقینی بنانے کے لئے دل و جان سے محنت کی کہ جائزے کے عمل کے دوران اٹھائے گئے ممکنہ ایکویٹی اثرات سے نمٹنے یا انہیں کم کرنے کے لئے کوششیں کی جائیں گی، جس میں کم آمدنی والے ڈرائیوروں کے لئے رعایت، ٹیکسیوں کی اور کرایے کی گاڑیاں فیسوں کی حد مقرر کرنا، اور ہوا کے معیار میں بہتری، ماحولیاتی انصاف کی برادریوں کے لئے بہتر نتائج لانے والے امور شامل ہیں، خاص طور سے برونکس میں۔ جب نیویارک قیادت کرتا ہے، تو دوسرے تقلید کرتے ہیں۔"

**ریجنل پلان ایسوسی ایشن کے صدر اور سی ای او Tom Wright نے کہا،** "کئی دہائیوں سے، نیویارک شہر ٹریفک کے رش کو ختم کرنے کی جدوجہد کر رہا ہے، جو ہماری ہوا کو آلودہ کرتا ہے، ہماری سڑکوں کو بند رکھتا ہے، ہماری برادریوں کو نقصان پہنچاتا ہے، اور ہماری معیشت کو کمزور کرتا ہے۔ COVID کے بعد سے صورتحال مزید خراب ہو چکی ہے، کیونکہ زیادہ سے زیادہ مسافر نجی کاروں پر سفر کر رہے ہیں۔ کنجیشن پرائزنگ انوائرونمینٹل اسیسمینٹ کے اجراء کے ساتھ ہم بالآخر اس مسئلے کو حل کرنے اور ایک ایسی پالیسی کو نافذ کرنے کے ایک قدم قریب آ چکے ہیں جس سے ڈرائیوروں، ٹرانزٹ سواروں اور برادریوں کو یکساں طور پر فائدہ ہوگا۔ RPA اس اہم سنگ میل تک پہنچنے پر گورنر Hochul اور MTA کو مبارکباد پیش کرتا ہے اور ہم MTA، نیو یارک سٹی اور پورے سہ ریاستی خطے کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ یہ پروگرام ٹول شاپنگ کے لئے مراعات کو کم کرکے، استثنیات کو محدود کرکے، اور کمی لانے والے اقدامات کو فنڈنگ دے کر اپنی پوری استعداد تک پہنچے۔ اگر یہ عمل درست طریقے سے کیا گیا تو رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کے نتیجے میں ایک صحت مند شہر اور خطہ وجود میں آئے گا، ٹرانزٹ اپ گریڈ اور بہتری کے لیے اہم فنڈنگ ملے گی، اور زیادہ خوشحال ریجن بنے گا۔"

**Transportation Alternatives کی پبلک افیئرز کی ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Elizabeth Adams نے کہا،** "رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنا ہر ایک کے لئے ایک جیت ہے — اس سے قطع نظر کہ آپ پیدل چلتے ہیں، بائک چلاتے ہیں، ٹرانزٹ استعمال کرتے ہیں، حتی کہ سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں گاڑی چلاتے ہیں۔ وفاقی حکومت کی جانب سے منظوری ملنے کے بعد، اب وقت آگیا ہے کہ ریاست نیویارک بغیر کسی تاخیر کے رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے نافذ کرے اور آج ہی سے ایسے اقدامات کرے جن سے یہ جگہ کاروں سے مستقل طور پر

واپس حاصل کر لی جائے۔ اتنے زیادہ رش اور بھیڑ بھاڑ کے بغیر، ہم ایسی سڑکیں تعمیر کرسکتے ہیں جو واقعی نیویارک کے شہریوں کی خدمت کرتی ہوں - زیادہ سر سبز مقامات، بہتر ٹرانزٹ، اور صاف ہوا کے ذریعے۔"

**Riders Alliance کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Betsy Plum نے کہا،** "گاڑی سوار بہت خوش ہیں کہ گورنر Kathy Hochul کے پاس آخر کار وہ تمام اختیارات آ گئے ہیں جو انہیں ہمارے سب وے کو ٹھیک کرنے اور قابل اعتماد اور قابل رسائی سروس فراہم کرنے کے لئے رقوم پیدا کرنے کے لئے درکار تھے۔ کئی سالوں کی تاخیر کے بعد، جس سے ٹرانزٹ سوار سبھی واقف ہیں، وفاقی حکومت نے آخر کار فیصلہ کیا ہے کہ نیویارک کے لاکھوں شہریوں، مسافروں اور ہمارے شہر کے زائرین کے لئے اس سب کے باوجود کچھ اچھی چیزیں بھی ہو سکتی ہیں۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنا مسلسل تاخیر کا سبب بننے والے سب وے سگنلز کو اپ گریڈ کرنے کے لئے فنڈز کا واحد سب سے بڑا ذریعہ ہے، جن سے قابل اعتماد، جدید ترین نئی سب وے کاریں خریدی جائیں گی اور سسٹم میں ہر نیو یارک باسی کو خوش آمدید کہنے کے لئے نئے اسٹیشن برقی سیڑھیاں تعمیر کی جائیں گی۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے اس گرڈ لاک میں بھی کمی آئے گی جس سے ایک اندازے کے مطابق سالانہ 20$ بلین ضائع ہوتے ہیں جس کا منفی اثر خاندانوں پر پڑتا ہے کہ وہ زیادہ مہنگی اشیاء اور خدمات خریدیں اور اس سے ہماری بسیں چیونٹی کی رفتار سے چلنے پر مجبور ہوتی ہیں۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کا مقدمہ، اپنے تمام فوائد کے ساتھ، اتنا مضبوط کبھی نہ تھا جتنا آج ہے۔"

**Environmental Defense Fund کی اسٹیٹ ڈائریکٹر برائے نیو یارک اور نیو جرسی Mary Barber نے کہا،** "ہمیں خوشی ہے کہ نیو یارک شہر میں رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کے پروگرام کی منظوری دینے کا وفاقی عمل شہر سے ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ کم کرنے، آلودہ اخراج میں کمی لانے، اور نیو یارک کے پبلک ٹرانزٹ سسٹم میں ضروری اپ گریڈ کی جانب ایک اہم پیشرفت کی حیثیت رکھتا ہے۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے نیویارک کے مستحکم مستقبل کی حوصلہ افزائی کے لئے ایک بنیادی پالیسی ہے۔ ہماری نگاہیں حکومت پر مرکوز ہیں۔ آب و ہوا اور صاف توانائی کی مد میں Hochul کی قیادت یہ امر یقینی بنانے کو مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے کہ اس پروگرام کو ایسی دیگر ضمنی پالیسیوں کے ساتھ تیزی سے نافذ کیا جائے جو پسماندہ برادریوں کو ترجیح دیتی ہیں اور ان کے فوائد کو یقینی بناتی ہیں، مثلاً ٹرکوں اور بسوں کو بجلی پر منتقل کرنا۔"

**Tri-State Transportation Campaign کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Renae Reynolds نے کہا،** "رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے ہمارے شہر اور خطے میں بہت سے فوائد پہنچیں گے۔ ہم MTA اور گورنر Hochul کے اعلان کردہ تخفیف کے منصوبوں کے متعلق بہت پُر جوش اور متحرک ہیں۔ ان منصوبوں کے نفاذ، بشمول بجلی کے بنیادی ڈھانچے میں اضافہ کرنے اور جنوبی برونکس جیسی بوجھ تلے دبی ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز میں ڈیزل کے اخراج میں نمایاں کمی لانے سے ایک خوشگوار، پائیدار، صحت مند اور قابل رہائش خطہ بنانے کی ہماری کوششوں کی پیشرفت میں بہت مدد ملے گی۔"

**نیویارک شہر میں رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کیMove NY Campaign کے بانی اور ڈائریکٹر Alex Matthiessen نے کہا،** "رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کی وفاقی منظوری نیویارک کے میٹرو علاقے اور مجموعی طور پر قوم کے لئے ایک بہت بڑی کامیابی ہے، کیونکہ دوسرے شہر بھی ٹریفک کو کم کرنے اور ماس ٹرانزٹ کو بہتر بنانے کے لئے اس جدید پروگرام کو اپنانا چاہتے ہیں۔ یہ امر خصوصی اہمیت طور کا حامل ہے کہ نیویارک نے تخفیفی اقدامات کا بہت مضبوط پیکیج تیار کیا ہے، جس سے ایک زیادہ پر سکون، منصفانہ اور پائیدار نیو یارک کی تشکیل کے لئے طویل عرصے سے جاری کوششوں کو مزید مہمیز ملے گی اور ملنی چاہئے۔"

**Bike New York Advocacy کے ڈائریکٹر Jon Orcutt نے کہا،** "Bike New York رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے کے معاملے میں پیشرفتوں کو سراہتا ہے اور نیو یارک کے مرکزی کاروباری ضلع میں اور اس کے آس پاس اس نظام کے نفاذ اور ٹریفک کی اس دائمی بھیڑ بھاڑ سے چھٹکارا پانے کا منتظر ہے جس سے جان چھڑوانے کی بہت زیادہ ضرورت تھی۔ رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے سے لندن کی سڑکوں اور گلیوں میں بہت فائدہ ہوا ہے، اور آج ہم نیویارک میں اس سلسلے میں ملنے والی ہر قسم کی مدد و معاونت کو استعمال کرنے کے منتظر ہیں۔"

**حتمی ماحولیاتی تشخیص ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز کے ساتھ کیے گئے سابقہ وعدوں کی تکمیل ہے**
MTA اور محکمہ ٹرانسپورٹیشن کے دو محکمے باہم مل کر پانچ سالوں میں ماحولیاتی انصاف (EJ) کمیونٹیز اور آبادیوں پر توجہ مرکوز کرنے والے تخفیفی اقدامات کے لئے $207.5 ملین کی تخصیص کا وعدہ کر رہے ہیں۔ اس میں کم آمدنی والوں کے نئے ڈسکاؤنٹ کے لئے $47.5 ملین اور ٹریفک، ہوا کے معیار، اور ٹرانزٹ اسٹیشن کے عناصر کی اضافی نگرانی کے لئے $5 ملین شامل ہیں۔

جیسا کہ حتمی ماحولیاتی تشخیص میں عکاسی کی گئی ہے، تخفیفی اقدامات ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز میں ممکنہ منفی اثرات کو حل کرنے پر بھی توجہ مرکوز کریں گے۔ حتمی ماحولیاتی تشخیص میں کیے گئے نئے وعدوں میں یہ شامل ہیں:

- کم آمدنی والے ڈرائیوروں کے لئے ایک ڈسکاؤنٹ پروگرام ہر کیلنڈر مہینے میں پہلے 10 سفروں کے بعد مکمل CBD E-ZPass ٹول ریٹ پر بار بار سفر کرنے والے کم آمدنی والے ڈرائیوروں کو 25% کی رعایت فراہم کرے گا (رات بھر کے دورانیے کو چھوڑ کر)
- ٹیکسیوں اور کرائے کی گاڑیوں سے ایک دن میں ایک مرتبہ سے زیادہ وصولی نہیں کی جائے گی
- علاقائی تخفیفی اقدامات
  - ٹرکوں اور دیگر گاڑیوں کو چوٹی کے ٹول پر رات 12 بجے سے صبح 4 بجے تک کم از کم 50% رعایت فراہم کی جائے۔
  - پرانے ڈیزل ٹرکوں کو کم اخراج والی گاڑیوں سے تبدیل کرنے کے عمل میں تیزی لانے کے لئے NYC DOT کے کلین ٹرکس پروگرام کو وسعت دی جائے
  - NYC DOT کے آف-آورز ڈلیوری پروگرام کو وسعت دی جائے
- مقامات کی بنیاد پر تخفیفی اقدامات
  - ہنٹس پوائنٹ مارکیٹ میں ریٹروفٹ ریفریجریشن ٹریلرز (TRUs) کی گندے ڈیزل سے صاف ہائبرڈ ڈیزل پر منتقلی
  - ایکٹرک ٹرک چارجنگ انفراسٹرکچر کو وسعت دینا
  باغات کی تزئین و آرائش کرنا اور EJ کمیونٹیز میں شاہراہوں کے ساتھ نباتاتی رکاوٹوں کو وسعت دینا
  ہائی ویز کے قریب واقع اسکولوں میں ہوا کو فلٹر کرنے والے یونٹس نصب کرنا
  - NYC محکمہ صحت اور دماغی حفظان صحت کے دمہ کیس مینجمنٹ پروگرام کو اسکولوں میں وسعت دینا اور برونکس میں ایک نیا دمہ مرکز قائم کرنا

TMRB ڈسکاؤنٹ اور استثنیٰ سے متعلق پالیسیوں سے متعلق ایسی سفارشات کر سکتا ہے جو EA میں کیے گئے وعدوں سے آگے جاتی ہوں۔

یہ وعدے پہلے بیان کیے گئے وعدوں کی مزید توسیع ہیں، مثلاً برونکس اور اپر مین ہیٹن کی EJ کمیونٹیز میں واقع بس ڈپوؤں کو بجلی پر تبدیل کرنے کو ترجیح دینا، کم آمدنی والے CBD رہائشیوں کو ٹیکس کریڈٹ فراہم کرنا جن کی مجموعی آمدنی $60k سے کم ہے اور $10 والے E-ZPass ٹیگ کی ڈپازٹ فیس کو ختم کرنا۔ وعدوں کی مکمل فہرست یہاں ملاحظہ کریں۔

**پروگرام کے فوائد**
ماحولیاتی جائزے میں جن 28 کاؤنٹی علاقوں کا مطالعہ کیا گیا، ان کی تشخیص سے پتہ چلتا ہے کہ جو لوگ مین ہٹن کی سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (CBD) میں اپنے دفاتر تک جانے کے لئے سفر کرتے ہیں، ان میں سے صرف 11% ڈرائیونگ کرتے ہیں اور 85% عوامی ٹرانسپورٹیشن کا استعمال کرتے ہیں۔ رش اور بھیڑ بھاڑ میں کمی لا کر اور عوامی ٹرانسپورٹ کے لیے رقوم پیدا کرکے، یہ پروگرام روزانہ لاکھوں افراد کو فائدہ پہنچائے گا۔ نئے تخفیفی پیکیج کے ذریعے یہ پروگرام ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز میں ہوا کے معیار کو بہتر بنانے میں بھی نمایاں سرمایہ کاری کرے گا۔

***ٹریفک کا کم رش۔*** نیویارک پورے امریکہ کے سب سے زیادہ گنجان آباد اور بھیڑ بھاڑ والے شہروں میں سے ایک ہے۔ رش سے بھی سڑکوں پر بسوں کی رفتار سست ہو جاتی ہے، سامان اور اشیاء کی ترسیل میں تاخیر ہوتی ہے، کاروبار کی لاگت میں اضافہ ہوتا ہے، اور اس سے ہمارا معیار زندگی مزید خراب ہو جاتا ہے۔ انوائرمینٹل اسسمنٹ کا اندازہ ہے کہ سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں داخل ہونے والی گاڑیوں کی تعداد میں تقریباً 15-20% کمی واقع ہوگی، یا روزانہ 110,000 سے 143,000 گاڑیاں کم چلیں گی، جو تقریباً اتنی ہی تعداد ہے جو آج بروکلین برج پر مین ہیٹن میں داخل ہوئیں۔

نیو یارک شہر کی بسیں سب وے سمیت نقل و حمل کے دیگر ذرائع کے مقابلے میں کم آمدنی والے اور اقلیتی گھرانوں کی زیادہ بڑی آبادی کی خدمت کرتی ہیں۔ سنہ 2010 کے بعد سے سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ میں مقامی بسوں کی رفتار میں 28% کمی آئی ہے اور Select Bus Service مین ہیٹن میں دیگر باروز کی Select Bus Service کے مقابلے میں 19% سست رفتار ہے۔ اگرچہ MTA کے جاری اقدامات مثلاً بس نیٹ ورک کو دوبارہ ڈیزائن کرنے سے رفتار میں بہتری تو آئی ہے، تاہم رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضہ لگانے سے نہ صرف بس سروس پر سفر کے دورانیوں میں بہتری آئے گی بلکہ پیراٹرانسسٹ سروس بھی بہتر ہو جائے گی۔

***ایک زیادہ منصفانہ، قابل رسائی ٹرانزٹ سسٹم۔*** یہ پروگرام اتنی کافی حد تک خالص آمدنی پیدا کرے گا جس سے MTA کے 2020-2024 والے کیپٹل پروگرام کے لئے 15$ بلین کی ضرورت پوری ہو جائے گی، جس میں انقلابی تبدیلیوں لانے والے منصوبے بھی شامل ہیں۔ MTA کا ٹرانزٹ سسٹم، اور خاص طور سے ان کا بس نیٹ ورک، کم آمدنی والی اور اقلیتی برادریوں کی خدمت کرکے مساوات کو فروغ دیتا ہے۔ اس فنڈنگ سے MTA کو ایک صدی سے زیادہ پرانے ٹرانزٹ سسٹم کی مرمت کا ضروری کام انجام دینے کے ساتھ ساتھ رسائی کی بہتری کو مکمل کرنے کی اپنی جارحانہ ٹائم لائن پر پیش رفت کرنے میں بھی بہت مدد ملے گی۔

***ایک زیادہ صحت مند، زیادہ پائیدار مستقبل۔*** رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے لگانے سے ایک سرسبز مستقبل کی حمایت کے لئے خطے کے سب سے جامع منصوبوں میں سے ایک کے ذریعے علاقے کی ہوا کا معیار مجموعی طور پر بہتر ہو جائے گا۔ ماحولیاتی جائزے میں تمام ٹولنگ منظرناموں میں سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ اور پورے خطے میں مجموعی طور پر سفری گاڑیوں کے میلوں میں مجموعی طور پر کمی کا مشاہدہ کیا گیا، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ یہ پروگرام بعض مسافروں میں یہ شوق پیدا کرے گا کہ وہ اپنی ذاتی گاڑیوں سے ٹرانزٹ پر منتقل ہو جائیں۔

**اس اسکوپ میں آؤٹ ریچ اور کمیونٹی کی شمولیت بے مثال ہے**

ماحولیاتی جائزے کے عمل کے دوران، پروجیکٹ پارٹنرز نے 19 ابتدائی آؤٹ ریچ سیشن منعقد کیے جن میں سے نو سیشن ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز پر مرکوز تھے؛ ساتھ ہی ماحولیاتی انصاف ٹیکنیکل ایڈوائزری اور اسٹیک ہولڈر ورکنگ گروپوں کے ساتھ 10 اجلاس بھی منعقد ہوئے جبکہ اگست 2022 میں ماحولیاتی تشخیص کے مسودے کے اجراء کے بعد چھ عوامی سماعتیں منعقد ہوئیں۔ ابتدائی آؤٹ ریچ سیشنز اور عوامی سماعتوں میں دونوں کو ملا کر تقریباً 950 مقررین نے شرکت کی۔ منتخب عہدیداروں، کمیونٹی بورڈز، ٹرانزٹ اور ماحولیات کے وکلاء، اور دیگر دلچسپی رکھنے والے فریقین کے لئے الگ الگ اجلاس بھی منعقد کیے گئے۔

MTAا اور ٹرانسپورٹیشن کے دو محکموں کو 22,000 سے زیادہ انفرادی تبصرے ملے اور انکا جواب دیا گیا، جبکہ 55,000 سے زیادہ فارم بھی جمع کروائے حئے۔ عوامی سماعتوں کی آن لائن ویڈیوز کو مجموعی طور پر 25,000 سے زیادہ بار دیکھا گیا۔

**ماحولیاتی تشخیص کا مطالعاتی موضوع**

عوام کی جانب سے آنے والی تمام آراء کو شامل کرکے اور اسے دستاویزی شکل دیتے ہوئے حتمی ماحولیاتی تشخیص نیویارک، نیو جرسی اور کنیکٹیکٹ کی 28 کاؤنٹیوں میں سینٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ کے ٹریفک کی بھیڑ بھاڑ، ٹرانزٹ، ہوا کے معیار، اور متعدد دیگر ماحولیاتی انڈیکیٹرز پر پڑنے والے اثرات کا تجزیہ کرتی ہے۔ مطالعاتی ایریا میں 22 ملین افراد شامل ہیں جن میں 12.3 ملین افراد ماحولیاتی انصاف والی کمیونٹیز برادریوں میں رہتے ہیں، اور پانچ قبائلی قومیں بھی۔

ماحولیاتی تشخیص ریجنل ٹرانسپورٹیشن نیٹ ورک میں ہر ہفتے کے کسی اوسط دن پر 28.8 ملین سفروں، 61,000 ہائی وے لنکیج پوائنٹس، 4,600 ٹریفک تجزیہ زونز، 44,267 بس اسٹاپس یا ٹرانزٹ اسٹیشنوں، 4,170 ٹرانزٹ روٹس، اور MTA کے علاوہ ایک درجن سے زائد عوامی ٹراسپورٹیشن فراہم کنندگان کے لئے ٹریفک اور پبلک ٹرانسپورٹیشن پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیتا ہے بشمول NJ TRANSIT, PATH, فیریز، اور ریجنل بس سسٹمز جس میں ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کی Bee-Line, NICE, اور سفوک کاؤنٹی ٹرانزٹ شامل ہیں۔

**سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کا پس منظر**

سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ ٹولنگ پروگرام کو اپریل 2019 میں ریاست کی طرف سے لازمی قرار دیا گیا تھا اور اسے ٹریفک کے حجم کو کم کرنے اور عوامی ٹرانسپورٹیشن کو بہتر بنانے کے لئے ضروری آمدنی بڑھانے کے لئے دنیا بھر میں رش اور بھیڑ بھاڑ پر معاوضے مقرر کرنے والے پروگراموں کی طرز پر ماڈل کیا گیا تھا۔ اس پروگرام کے تحت مین ہیٹن ساؤتھ بشمول th60 سٹریٹ پر سفر کرنے پر گاڑیوں سے ٹول وصول کیا جائے گا، جس سے فرینکلن ڈی روزویلٹ ڈرائیو، ویسٹ سائیڈ ہائی وے، بیٹری پارک انڈر پاس، اور ویسٹ اسٹریٹ سے منسلک ہیو ایل کیری ٹنل کے روڈ وے حصوں پر سے گزرنے والا ٹریفک خارج ہے۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418